# 3. Pedagogical Concerns

1) Pedagogy means "Theory of Teaching" نظریہ تعلیم (or) "Science of Teaching" علم تعلیم

2) Pedagogism means to teach (or) Teaching

3) تدریسی واکتسابی عمل (Teaching Learning Process) میں 3 نکات ہوتے ہیں۔

a) معلم (Teacher) b) متعلم (Student) یا (Learner)

c) اکتسابی موضوع / تدریسی موضوع (Teaching / Learning Item)

## Learner - Special Needs

**Special Education کی تعریف:**

"The education programme specially designed for exceptional children is called Special education".

''ایک ایسی تعلیم جو استثنائی بچوں کے لیے خصوصی طور پر ترتیب دی جاتی ہے' خصوصی تعلیم کہلاتی ہے۔''

W.M. Cruichshank کے مطابق ''استثنائی بچہ وہ ہے جو طبعی (جسمانی)' شعوری' جذباتی' اور سماجی طور پر نارمل نشوونما و بالیدگی میں معمول سے انحراف کرتا ہے اور عام کلاس روم کی تعلیم اس کے لیے مفید نہیں ہوتی۔ اس کے لیے ایک خصوصی تعلیم کا نظم درکار ہے۔''

☆ Kirk کے مطابق ''جو بچے اوسط معیار نارمل معیار سے ذہنی' طبعی' جسمانی اور سماجی خصوصیات سے انحراف کرتے ہیں' استثنائی بچے کہلاتے ہیں۔ ان کے لیے (Supplementary) کا انتظام کرنا ہے۔

☆ ماہرین نفسیات نے مختلف اکتسابی صلاحیت کے حامل بچوں کی تین طرح زمرہ بندی کی ہے۔

I- **ذہانتی یا شعوری طور پر استثنائی Intellectual Exceptional**

اس کے تحت:

1) طباع اور اختراعی Gifted & Creative 2) سست اکتسابی Slow learners

3) ذہنی طور پر کمزور لیکن قابل تعلیم Educable Mentally Retarded

4) دماغی طور شدید کمزور The severely mentally retarded

II- **جسمانی طور پر استثنائی Physically Exceptional**

اس کے تحت:

1) بصری نقائص Vision Impairment 2) سمعی نقائص Hearing Impairment

3) نقائص گویائی Speech Impairment 4) چلنے کے نقائص Crippled

5) دماغی صدمہ Brain Injury

III- **جذباتی یا نفسیاتی استثنائی Emotionally Exceptional**


اس کے تحت: 1) مجرمانہ ذہنیت Deliquency

## M.L. Dunn کی درجہ بندی

Dunn کے مطابق Special بچوں کی درجہ بندی (12) اقسام میں ہوتی ہے وہ یہ ہیں۔

1) Gifted Children 2) Talented Children 3) Educable Mentally Retarded
4) Socially Maladjusted 5) Emotionally disturbed 6) Speech defects
7) Deaf 8) Partially Deaf 9) Visually Defective 10) Partially Visually
11) Physically Handicapped 12) Acutely unhealthy

### Multiple Handicapped (کثیر معذورین بچے)




### Children with Learning Disabilites

ایسے بچوں کا اہم مسئلہ Learning Problems ہوتا ہے۔

| قسم/نوعیت | مسائل | وجوہات |
|---|---|---|
| 1. Speech Language disabilities<br>(a Disphasia<br>الفاظ ادائیگی نقص | دوسروں کے ادا کردہ الفاظ کو سمجھنے میں دوبارہ از خود کہنے میں (یا) دہرانے میں دشواری ہوتی ہے۔ | (a دماغ کمزور Brain Injury<br>(b Maldevelopment of the brain |
| (b Aphasia | زبان کے الفاظ لکھنے میں Gestures اشاروں کی شناخت اور اس کے استعمال میں دشواری | |
| Auditory Aphasia<br>فتور سماعت الفاظ | سماعت کی کمزوری رکھنے والے بچے دوسروں کے ادا کرہ الفاظ کو سمجھنے میں دشواری | |

| | | |
|---|---|---|
| 2. Reading Disabilities<br>a) Dyslexia<br>فہم عبارت نقص | صحیح طور پر نہیں پڑھتے۔ خاموش خوانی' بلند خوانی اور فہم کے ساتھ پڑھنے میں دشواریاں پائی جاتی ہیں۔ | Brain Area میں نشوونما نہیں ہوتا<br>متوازی غذا کی قلت<br>خون میں شکر کے مقدار کی کمی<br>غذ میں پروٹین ' وٹامن' کاربوہائیڈریٹس کی قلت یا عدم دستیابی<br>توارثی خصوصیات<br>Deficit in Visual Verbal Association<br>بصارتی سماعتی کمزوری |
| b) Alexia فقدان قوت مطالعہ | طبع شدہ تحریر کو پڑھنے' لکھنے میں دشواری | ---do--- |
| 3) Writing Disabilities | لکھنے میں' دیکھ کر لکھنے میں' الفاظ واعداد' اعداد لکھنے میں دشواریاں Motor Coordination میں مسائل | Act of Visual Motor Coordination حافظہ پر اثر Memory Motor Patterns |
| b) Agraphia<br>فقدان قوت تحریر | لکھنے میں مکمل دشواری | فعولن دماغ Brain Disfunction |
| c) Re-visualisation Problem | دیکھ کر لکھنے میں' الفاظ کو دیکھ کر جوں کا توں لکھنے میں دشواری | Visual-Memory Deficit |
| 4) Arthimetic Disabilites | ریاضی سے جڑے تصورات' عددی تصور' اعداد کے اظہار میں لکھنے اور پڑھنے میں دشواریاں مثلاً:<br>18 کو 81 لکھنا' 302 کو 32 لکھنا | |
| a) Dyscalculia | امور اربع کو حل کرنے میں دشواری | |

## قومی درسیاتی خاکہ 2005ء

## *National Curriculum Frame Work (NCF - 2005)*

**اس کمیٹی کے اہم نکات:**

1) قومی درسیاتی خاکہ کو یشپال کمیٹی نے پیش کیا۔ اس کمیٹی کا اہم مقصد یہ تھا کہ بچوں کے تعلیمی بوجھ کو کم کریں۔

2) گذشتہ تعلیمی سالوں میں ماحولیاتی مطالعہ ۔I' ماحولیاتی مطالعہ -II' کے طور پر سماجی علم اور سائنس پڑھایا کرتے تھے۔ لیکن اب دونوں کو متحد کر کے ایک درسی کتاب کی شکل میں پڑھا رہے ہیں۔

3) ہیلتھ ایجوکیشن' جسمانی تعلیم' آرٹ تعلیم' ورک ایجوکیشن' وغیرہ کو مختلف سطحوں میں متعارف کرنا چاہیے۔

4) پیشہ ورانہ مہارتوں کے حصول کے لیے Inservice Training پروگرام رکھے جائیں۔

5) عصری جانچ کے طریقوں کو پیش کیا جائے۔

6) منصوبائی کام / تفویض کردہ کام / گرہی کام طلبا کے سطح کے مطابق ہونے چاہیے۔

7) نشانات کی جگہ Grading طریقہ کار کو متعارف کیا جائے۔

8) قومی قطح پر مشترکہ تعلیمی پیاٹرن ہوتا ہے۔ کامن نصاب کو متعارف کرنا چاہیے۔

9) NCERT کی جانب سے مختلف سرگرمیوں کو روبہ عمل لانا چاہیے۔

10) معیاری تعلیم بہم پہنچانے کے لیے اکتسابی ترقی کے پروگرامس کا اہتمام کرنا۔ جیسے LEP'CLAPS'CLAP'CLIP وغیرہ

11) جدید عصری جانچ کے مطابق جماعت اول اور دوم کے لیے خود اکتسابی کارڈس (Slim Cards)

Self Learning Interactive Material Cards ترتیب دیکر مدارس کو سربراہ کرنا چاہیے۔

☆ NCF-2005 کے بنیادی اصول 4 ہیں جو اس طرح ہیں۔

a) رٹنے رٹانے کے بجائے بامعنی انداز میں اکتساب ہو

b) سیکھے ہوئے معلومات کو روزمرہ زندگی سے مربوط کرتے ہوئے تعلیم دینا

c) صرف درسی کتاب تک محدود نہ رکھتے ہوئے تشکیل علم کا باعث بنے

d) دباؤ سے پرے آزادانہ ماحول میں جانچ ہونی چاہیے۔

## قانون حق اطفال برائے مفت ولازمی تعلیم RTE Act - 2009

**اہم خدوخال:**

☆ یہ قانون یکم اپریل 2010ء سے لاگو ہوا ہے۔ (سوائے ریاست جموں وکشمیر کے)

☆ 26/اگست 2009ء کو پارلیمنٹ کے ذریعہ صدر جمہوریہ کے ہاتھوں اس قانون پر دستخط کروا کر متعارف کروایا گیا۔

☆ 6 تا 14 سال عمر کے تمام بچوں کو مفت ولازمی تعلیم دینا ہماری ذمہ داری ہے۔

☆ تمام بچے کم از کم دسویں جماعت تک تعلیم حاصل کریں۔

☆ ایسے بچے جو اسکول سے باہر ہیں۔ انھیں ان کی عمر سے مطابقت رکھنے والی جماعت میں شریک کروانے کے بعد خصوصی ٹریننگ دے کر ان کا تعلیمی سلسلہ جاری رکھیں۔

☆ 3 تا 5 سال عمر کے بچوں کو قریبی آنگن واڑی سنٹر یا ECE مرکز میں تعلیم کے لیے داخلہ دلوائیں۔

☆ صداقت نامہ، تاریخ پیدائش اور .T.C کے نہ ہونے پر یا کسی بھی دوسری وجہ سے مدرسے میں شرکت سے انکار نہ کیا جائے۔

☆ کسی بھی اسکول میں داخلے کی فیس، ڈونیشن اور شرکت کے امتحان پر امتناع عائد کر دیا گیا ہے۔

☆ پہلی تا آٹھویں جماعت کے سرکاری مدارس میں پڑھنے والے تمام طلبا وطالبات کو مفت یونیفارم سربراہ کیے جائیں گے۔

☆ سرکاری مدرسوں میں تمام بنیادی سہولتیں (انفراسٹرکچر) فراہم کیے جائیں گے۔

☆ بچوں کو جسمانی اور ذہنی اذیت (سزائیں) دینا قانوناً جرم ہے۔

# شیڈیول

(دیکھیے سیکشن 19' 25)

## مدرسہ کے قوانین ومعیارات

| شمار | عنوان | قوانین ومعیارات |
|---|---|---|
| .1 | (a)جماعت اول تا پنجم | داخلہ پانے والے بچوں کی تعداد — اساتذہ کی تعداد<br>ساٹھ بچوں تک — دو<br>اکسٹھ تا نوے — تین<br>اکیانوے تا ایک سو بیس — چار<br>ایک سو بیس تا دو سو تک — پانچ<br>150 سے زائد پانچ اساتذہ + ایک صدر مدرس<br>200 سے زائد (صدر مدرس کے علاوہ) طالب علم اور معلم کی نسبت چالیس سے زائد نہ ہو۔ |
| | (b)جماعت ششم تا ہشتم | (1) ہر جماعت کے لیے ایک معلم کے علاوہ حسب ذیل کے لیے کم از کم معلم ہونا چاہیے۔<br>(i) جنرل سائنس ریاضی (ii) سماجی علم (iii) زبانیں<br>(2) 35 طلبہ کے لیے کم از کم ایک معلم<br>(3) داخلہ پانے بچوں کی تعداد 100 سے زائد ہو تو<br>(i) مستقل صدر مدرس (ii) حسب ذیل کے لیے پارٹ ٹائم اساتذہ<br>(A) مصور (B) تعلیم صحت اور ورزش (C) پیشہ وارانہ تعلیم |
| .2 | عمارت | سبھی موسم کے لیے موزوں عمارت میں<br>(i) ہر ایک معلم کے لیے کم از کم ایک کمرۂ جماعت' آفس + گودام + صدر مدرس کا کمرہ<br>(ii) معذور بچوں کو داخل ہونے میں آسانی ہو۔<br>(iii) لڑکیوں اور لڑکوں کے لیے علاحدہ بیت الخلاء۔<br>(iv) محفوظ پینے کے پانی کی سہولت جو تمام بچوں کو کافی ہو۔<br>(v) دوپہر کا کھانا بنانے کے لیے باورچی خانہ۔<br>(vi) کھیل کا میدان۔<br>(vii) چاردیواری کے ذریعہ مدرسہ کی عمارت کا تحفظ |
| .3 | تعلیمی سال میں اقل ترین ایام کار اور تدریسی گھنٹوں کی تعداد | (i) اول تا پنجم جماعت کے لیے 210 ایام کار۔<br>(ii) ششم تا ہشتم جماعت کے لیے 220 ایام کار۔<br>(iii) اول تا پنجم ایک تعلیمی سال میں 800 تدریسی گھنٹے۔<br>(iv) ششم تا ہشتم جماعت ایک تعلیمی سال میں 1000 گھنٹے |
| .4 | اساتذہ کے لیے ایک ہفتہ میں کام کے گھنٹے | تدریس کے لیے کم از کم 45 گھنٹے بشمول تیاری کے لیے |

| | | |
|---|---|---|
| 5. | تدریسی اشیاء | ہر جماعت کے لیے درکار تعداد میں فراہم کرنا۔ |
| 6. | کتب خانہ | اخبارات، جرائد، تمام مضامین کی کتابیں، کہانیوں کی کتابیں فراہم کرنے والا کتب خانہ ہر مدرسہ میں ہونا چاہیے۔ |
| 7. | کھیل کود کی اشیاء | ہر جماعت کے لیے ضرورت کے مطابق فراہم کرنا چاہیے۔ |

## حق تعلیم کی خلاف ورزی کرنے کے مختلف موقعوں پر قانون کو تحفظ دینے والے سیکشن

| حق | قانون میں دیئے گئے سیکشن | خلاف ورزی |
|---|---|---|
| مفت ولازمی تعلیم | سیکشن 3(i), 8(a) (ii) 8f 9k(i),c,9e,8c,4 | اطراف واکناف کے علاقے میں مدرسہ میں داخلہ نہ لیے بچے پائیں جائیں یا غیر حاضر بچے ہوں |
| بچوں کو مفت تعلیم حاصل کرنے کے لیے جو اخراجات ہوں گے وہ حکومت ہی ادا کرے گی | سیکشن (i) 9a, 8(a),3(2) 12(1)a,13(2)a, 13(1) | ☆ داخلہ فیس وصول کرنے پر ☆ امتحانی فیس وصول کرنے پر<br>☆ اسکاؤٹس، اسپورٹس، NCC فیس وصول کرنے پر۔<br>☆ 15 اگست اور 26 جنوری جیسے قومی تہواروں پر فیس وصول کرنے پر<br>☆ T.C. اور میمو کے جاری کرنے کے لیے فیس لینے پر<br>☆ اسکول ڈریس، ہوم ورک، مدرسہ لیٹ آنے پر جرمانہ عائد کرنے پر۔ |
| بچوں کو مفت تعلیم حاصل کرنے کے لیے جو اخراجات ہوں گے وہ حکومت ہی ادا کرے گی | سیکشن 8a(i),3(2) 13(1) 12(1)a,9a,13(12)a | ☆ بس اور آٹو کا خرچ۔ ☆ نوٹ بکس کا خرچ<br>☆ بیاگس، پن، پنسل، جیومٹری باکس ☆ یونیفارم کا خرچ<br>☆ ٹائی، بیلٹ، جوتوں کا خرچ ☆ شناختی کارڈ کا خرچ<br>☆ تعلیمی تفریح کا خرچ |
| جسمانی طور پر معذور بچوں کے حقوق | 9c, 1996,8c,3(2) سیکشن: (2)' کلاز (i) 21(i),9(k) | ☆ اطراف واکناف کے علاقے میں موجود معذور بچوں کی شناخت نہ ہو کرنے پر<br>☆ سمعی آلات نہ ہوتو ☆ مصنوعی پیر نہ ہوتو<br>☆ Cruches نہ ہوتو ☆ مدرسہ میں Ramp نہ ہوتو<br>☆ بریلی (Braile) رسم الخط کی کتابیں دستیاب نہ ہوتو |

| حق | قانون میں دیئے گئے سیکشن | خلاف ورزی |
|---|---|---|
| داخلے اور ٹھہراؤ | سیکشن 8a(ii),9d,9g,8(4) | ☆ اب تک مدرسہ میں داخلہ نہ لینے والے بچے مدرسہ میں داخلہ نہ لیں تو۔<br>☆ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق جماعت میں داخلہ نہ دینے پر۔<br>☆ برج کورس میں تعلیم حاصل کیے ہوئے بچوں کو ان کے رہائشی علاقے میں موجود مدرسہ میں داخلہ نہ دینے پر<br>☆ ابتدائی تعلیم یعنی (8ویں جماعت) مکمل کیے بغیر ہی مدرسہ سے اخراج کرنے پر<br>☆ 0-14 سال کی عمر والے بچوں کا ریکارڈ کو مقامی حکومت اہتمام نہ کرنے پر۔(14 سال سے کم عمر بچے چاہے ان کی شادی کیوں نہ ہو جائے) بچوں کے ریکارڈ کو درج نہ کرنے پر۔ |

| | | |
|---|---|---|
| مدرسہ سے تبادلہ سرٹیفکٹ دینا | سیکشن 5(1),(2),(3) | ☆ خانہ بدوش خاندانوں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو مدرسہ میں داخلہ دینے سے انکار کرنا۔ یا نقل مقام کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو مدرسہ میں داخلہ لینے سے انکار کرنا۔ |
| داخلوں سے انکار | | ☆ دوسرے مدرسہ میں تعلیم حاصل کرنے کی خواہش کرنے پر انکار کریں تو۔<br>☆ مدرسہ سے تبادلہ کی ذمہ داری' مدرسہ نہ لے تو۔<br>☆ دوسری ریاستوں میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے ضروری صداقت ناموں کی اجرائی سے انکار کرنے پر۔<br>☆ درخواست کے ساتھ ہی T.C. نہ دینے پر۔<br>☆ T.C. نہیں کہہ کر داخلہ سے انکار کرنے پر۔<br>☆ برج کورس سے آئے ہوئے بچوں کو داخلہ دینے سے انکار کرنے پر۔ |
| حکومت کی دی گئی مہلت کے بعد بھی | سیکشن: 15 | ☆ داخلہ کی مہلت کے بعد داخلہ سے منع کرنے پر۔ |
| خانگی' سرکاری | سیکشن: 8(b),9(b),(6), 8(d),9(f) | ☆ اطراف واکناف کے رہائشی علاقے میں (اول تا 8 ویں) مدرسہ نہ ہو تو۔<br>☆ مدرسہ میں عملہ تدریسی اشیا اور بنیادی سہولیات نہ ہوں تو۔ |
| امتیاز کا شکار نہ ہوں اس بات کو یقینی بنانا | سیکشن: 8(c),9(c) | ☆ مذہب اور ذات کی بنیاد پر داخلہ نہ دیں تو۔<br>☆ علاقے کے نام پر داخلہ نہ دیں تو۔<br>☆ زبان کے نام پر داخلہ نہ دیں تو۔<br>☆ صلاحیتوں کے نام پر داخلہ دینے سے انکار کریں تو۔ |
| مفت ماقبل تعلیم فراہم کرنا | سیکشن: 11 | 3 تا 5 سال عمر کے بچوں کو تعلیم نہ فراہم کی گئی ہو تو۔ |
| ایک ہی جماعت میں روکا نہیں جاسکتا | سیکن: 16 | ☆ ایک ہی جماعت میں بچے کو روکے رکھنے پر۔ |
| عمر کا صداقت نامہ نہ ہو تو | سیکشن: 14(1) | ☆ بچوں کو مدرسہ سے خارج کرنے پر۔<br>☆ بچے کی عمر کا تعین نہ کرنے پر۔ |
| وجوہات کی بنا پر داخلہ سے انکار نہ کریں | سیکشن: 14 (2) | ☆ صداقت نامہ نہ ہو تو والدین / سرپرستوں کی جانب سے دیئے گئے بیان کو انکار کرنے پر' عمر کا صداقت نامہ نہ ہونے کی بنیاد پر داخلہ دینے سے انکار پر |
| بچوں کو جسمانی سزا دینا' ذہنی ہراسانی کرنا ممنوع ہے۔ | سیکشن: 17 (1), (2) (2)(g) (2a) | ☆ بچوں کو ذہنی ہراسانی اور جسمانی سزا کا شکار بنانے پر۔ |
| مسلمہ حیثیت کے بغیر مدارس کا قیام عمل میں نہ لانا۔ | سیکشن: 18(1),18(5), 18(4),18(5),18(3) | ☆ خانگی مدرسوں کو حکومت کی جانب سے اجازت نہ ملتی ہو پھر بھی مدرسہ چلایا جائے تو۔<br>☆ مسلمہ حیثیت ختم ہو جانے کے بعد بھی خانگی مدرسہ کے بچوں کو دیگر مدرسوں میں داخلہ کا انتظام نہ کیے جانے پر<br>☆ مدرسہ کی مسلمہ حیثیت ختم ہو جانے کے بعد بھی مدرسہ چلانے پر۔<br>☆ شیڈیول میں دیئے گئے قواعد و معیارات کو پورا نہ کرنے کے باوجود بھی مدرسہ کو مسلمہ حیثیت دینے پر مدرسہ چلانے پر<br>☆ شیڈول میں دیئے گئے قواعد کے مطابق دی گئی مہارت میں سہولیات مکمل نہ کرنے پر مسلمہ حیثیت ختم نہ کرنے پر |

| | | |
|---|---|---|
| مدرسہ انتظامی کمیٹی | 21(1) | ☆ سرکاری امداد سے چلائے جانے والے مدارس میں SMC کمیٹی کی تشکیل نہ کرنے پر<br>☆ اس کمیٹی میں والدین یا سرپرستوں کا تین گنا حصہ ہونا چاہیے۔<br>☆ پچھڑے طبقات اور کمزور طبقات سے تعلق رکھنے والے والدین اور سرپرستوں کو نمائندگی کا موقع دینا چاہیے۔<br>☆ 50 فیصد خواتین رہنا چاہیے |
| ترقی کا منصوبہ تیار کرنا | 22(1),22,21(2)b(2) | ☆ مدرسہ کی ترقی کا منصوبہ تیار نہ کرنے پر۔<br>☆ مدرسہ کی ترقی کے منصوبے کے مطابق اگر گرانٹ نہ ملے تو۔ |
| مرکزی حکومت کے ذریعے متعینہ ادارے کیجانب سے تسلیم شدہ اہلیت | 23(1) | ☆ اساتذہ اہل نہ ہوں تو۔ |
| اساتذہ کی وقت کی پابندی وقت مقررہ میں نصاب کی تکمیل اضافی تدریس اولیائے طلبا کا اجلاس بلاناغہ منعقد کرنا۔ | 24(1)a<br>24(2)<br>24(1)<br>24(2)<br>24(1)e<br>24(2) | ☆ اساتذہ کے فرائض<br>☆ وقت پر حاضر نہ ہوں تو۔<br>☆ اصولوں کی پابندی نہ کریں تو۔<br>☆ نصاب کو متعینہ وقت میں تکمیل نہ کرنے پر۔<br>☆ بچوں کی صلاحیتوں کا اندازہ نہ لگانے پر۔<br>☆ بچوں کی صلاحیتوں کے مطابق تدریس کا عمل انجام نہ دینے پر<br>☆ بچوں کی تعلیم سے متعلق والدین کو اطلاع نہ دینے پر۔ |
| قانون کے لاگو ہونے کے 6 مہینے کے اندر شیڈیول میں متعینہ طلبا اور ٹیچر کی نسبت کو پر کیا جائے۔ | 25(1)<br>25(2) | ☆ شیڈیول کے مطابق طلبا اور اساتذہ میں نسبت کو ملحوظ نہ رکھا جائے۔<br>☆ ایک مدرسہ میں ٹیچر کو تقرر کرنے کے بعد کسی دفتر یا غیر تدریسی کاموں کے لیے ڈپیٹیشن پر بھیجنے پر<br>☆ ایک مدرسہ میں تقرر کردہ ٹیچر کو دوسرے مدرسہ پر کام کرنے کے لیے بھیجنے پر<br>☆ ٹیچر کو سیکشن 27 میں بتائے گئے اصولوں کو چھوڑ کر دیگر کاموں پر بھیجنے پر۔ |
| معلم کا خانگی ٹیوشن دینا ممنوع ہے | 28 | ☆ کوئی بھی معلم خانگی ٹیوشن دے تو۔ |
| منصوبہ سبق | 29 (2) h | ☆ روزانہ بچوں کی تعلیم اور اس کی جانچ نہ کی جانے پر C.C.E. |
| مقامی حکومت کو تحریری شکایت کی جا سکتی ہے | شکایتوں کا حل<br>سیکشن: 31 (1) | ☆ 31(1) سیکشن میں بتلائے گئے امور سے تعلق رکھتے ہوئے اگر اس قانون تحفظ حقوق اطفال کے متعلق کوئی شخص کوئی بھی شکایت رکھتا ہو تو مقامی حکومت کو تحریری طور پر اس کی اطلاع دے سکتا ہے۔ |

**اختتام:**

قانون حق تعلیم سے متعلق مسلسل کئی سالوں سے مذاکرے ومباحثے کیے جا رہے تھے اور انھیں چھوڑ دیا جا رہا تھا لیکن اسے قانونی حیثیت نہیں دی گئی تھی۔ اس موقع پر قانون حق تعلیم ایک قانون بن کر عمل میں آنا ایک خوش آئند بات ہے۔

اس قانون میں پائے جائے جانے والے موضوعات صرف معلومات تک محدود نہ کیے جائیں بلکہ اس کی عمل آوری کے لیے سماج میں پائے جانے والے تمام افراد کے ساتھ مل کر چلنے کی ضرورت ہے۔ بچے اپنی صلاحیتوں کے مطابق معیاری تعلیم' پرلطف ماحول میں حاصل کو نا' ان پر رحم کرنا نہیں ہے بلکہ تعلیم حاصل کرنا ان کا حق ہے' یہ مانتے ہوئے خدمت انجام دیں تو یقینی طور پر بچوں کے حقوق کا تحفظ ہو پائے گا۔

## قومی کمیشن برائے حقوق اطفال (NCPCR)

بین الاقوامی بچوں کے حقوق کا معاہدہ اور ہندوستان کے دستور میں بچوں کے حقوق کے تحفظ میں ہندوستانی پارلیمنٹ میں قومی کمیشن برائے تحفظ حقوق اطفال 2005 کو منظوری دی گئی ہے۔

مارچ 2007ء میں پہلی دفعہ 42 فیصد بچوں کی آبادی والے ہمارے ملک میں NCPCR کو قائم کیا گیا ہے۔

## رہنمائی۔رہبری۔مشاورت Guidance and Counselling

☆ رہنمائی ایک مدد ہے جو کسی فرد کے حالات کو موثر کن انداز میں سلجھانے کیلئے کی جاتی ہے اور مناسب مشورہ دیا جاتا ہے۔

☆ رہنمائی سے مراد فرد میں ایسی صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے جو مختلف بدلتے حالات میں اپنی مدد آپ کرنے کے قابل بناسکتے۔

☆ ''زندگی میں درپیش مختلف مسائل کی یکسوئی کیلئے متعین یا ضروری امدادی رہنمائی Guidance ہے۔''

## رہنمائی کی تعریف

☆ Andrew & Willey کے مطابق ''رہنمائی خدمات کا ایک منظم گروہ ہے جس کا مقصد ہر طالب علم کی مدد اس طرح کی جائے کہ وہ مکمل نشوونما اور ہم آہنگی کی صلاحیت حاصل کر سکے۔''

☆ Jones کے مطابق ''رہنمائی ایک ایسا عمل ہے جس میں فرد خود مختلف طریقوں سے واقفیت حاصل کر کے ان کے ذریعہ اپنی فطری صلاحیتوں کی کھوج کو استعمال کرتا ہے

☆ Carl. M. Morns کے مطابق ''رہنمائی فرد کی مدد کا ایک عمل معین کرنے' تجزیہ کرنے' اپنی صلاحیتوں کو سمجھنے اور اپنی معلومات کی روشنی میں ضرورتوں کا استعمال ہے تاکہ دانشمندانہ انتخاب ہم آہنگی میں مددگار ہو۔''

☆ Macthewson کے مطابق ''رہنمائی بصیرت افروز اور بالیدگی کی حامل ہوتی ہے جس میں باقاعدہ اکتسابی عمل پر زور دیا جاتا ہے۔''

## رہنمائی کے مقاصد

مدرسہ کی سطح پر ذیل کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے رہنمائی Guidance کو بطور امداد استعمال کیا جاتا ہے۔

1) بچے کی قابلیت' کمزوریوں کو از خود جاننے کیلئے یا جائزہ لینے کے لیے
2) بامقصد اکتساب کیلئے' موافق حالات مہیا کرنے کے لیے' ضرورتوں کی تکمیل کے لیے
3) مدارس میں تشفی بخش نتائج حاصل کرنے کیلئے' مناسب مہارتوں کو فروغ دینے کیلئے'
4) خصوصی ضرورت مند طلبا کی شناخت کیلئے
5) اعلی تعلیم کے حصول کیلئے اعلیٰ تعلیم میں درپیش مسائل کی شناخت اور مناسب حل کے لیے۔
6) توازن شخصیت سازی کیلئے درکار رجحانات' عادات' مقاصد کے فروغ کیلئے
7) طلبا کی ہمہ گیر شخصیت کے فروغ کے لیے معاون نصابی اور نصابی سرگرمیوں کو ترتیب دینے کے لیے۔

## رہنمائی کی قسمیں Types of Guidances

رہنمائی زندگی کے تمام شعبہ جات پر محیط ہے۔ زندگی میں کم وبیش ہر شخص کو رہنمائی کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔ جیسے تعلیمی' پیشہ وارانہ مذہبی' صحت اور طبعی سرگرمیاں' شخصی رہنمائی' خانگی تعلقات' فرصت اور تفریح وغیرہ جن میں قابل ذکر یہ ہیں:

1) تعلیمی رہنمائی Educational Guidance 2) پیشہ ورانہ رہنمائی Vocational Guidance

3) شخصی رہنمائی Personal Guidance

**تعلیمی رہنمائی:** یہ رہنمائی منصوبہ سبق' طریقہ تدریس' کورس کا انتخاب' گھریلو اور دیگر تعلقات وغیرہ مدرسہ مدد کی سطح سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔

**Dunsmoor اور Miller کے مطابق**

"تعلیمی رہنمائی کا بنیادی مقصد طالب علم کی تعلیمی کوشش کی کامیابی ہے۔ اس کا تعلق طالب علم کی مدرسہ سے ہم آہنگی اور اپنی تعلیمی ضروریات' اہلیتوں اور کام میں دلچسپی کے اعتبار سے تیاری اور مناسب منصوبہ پر عمل آوری ہے۔"

اس میں طالب علم کی حاضری' صحت کارڈ' پروگریس کارڈ' کیس اسٹڈی جیسے ریکارڈس کا سہارا لیا جاتا ہے۔

☆ Myers کے مطابق "یہ ایک عمل ہے نہ کہ طریقہ جس میں فرد کی رہنمائی دو عناصر کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔

1) تعلیم میں سہولتوں اور دیگر سہولتوں کی دستیابی میں تفاوت اور (2) افراد کے درمیان انفرادی تفاوت

**مقاصد**

1) رہنمائی فرد کی اس طرح مدد کرنے کا مقصد رکھتی ہے کہ فرد خود رفتہ رفتہ اپنی رہنمائی کے قابل بن جائے۔
2) بچے کی قابلیت' دلچسپی' ضروریات کے مطابق منصوبہ سبق' کورس کے انتخاب میں طالب علم کی مدد کرنا۔
3) اپنی خصوصی دلچسپی اور صلاحیت کے دائرہ کار کے باہر کچھ اکتسابی تجرباتی حاصل کرنا۔
4) نصاب اور مدرسہ کی زندگی سے ہم آہنگی
5) منتخب شدہ کورس میں تشفی بخش نتائج حصول میں طالب علم کی مدد کرنا۔
6) بچوں میں اچھے رجحانات' اقدار اور قوت فیصلہ پروان چڑھانا۔
7) تعلیمی مراحل (مدرسہ کی سطح کی تعلیم) کے اختتام کے بعد بھی اعلیٰ تعلیمی مواقع کی تلاش میں مدد کرنا۔

## پیشہ ورانہ رہنمائی Vocational Guidance

☆ یہ ایک عمل ہے جس کی مدد سے طالب علم اپنی صلاحیتوں کا اندازہ لگا سکتا ہے اور ان کی مناسبت سے کسی کورس کا انتخاب کر سکتا ہے اور اس کے مقاصد کے حصول کیلئے لائحہ عمل مرتب کر سکتا ہے۔

☆ پیشہ ورانہ رہنمائی کا پہلا کام یہ ہے کہ بچے کو اس کورس سے دور رکھیں جس کی وہ اہلیت نہیں رکھتا۔

National Vocational Guidance Association - USA کے مطابق پیشہ ورانہ رہنمائی فرد کو پیشہ کے انتخاب میں مدد دینے' اس کے لیے تیار کرنے' داخلہ کرنے اور اس میں ترقی کا ایک عمل ہے۔

Myers کے مطابق "پیشہ ورانہ رہنمائی انسانی تحفظ کی ایک شکل ہے۔ جس کا مقصد فرد کی بے حد قیمتی فطری صلاحیتوں کا ہوشمندانہ استعمال ہے اور قیمتی تربیت جو اسکول کی طرف سے دی جاتی ہے وہ فرد اور سماج کیلئے بہتر ہے۔"

## Nature & Purpose

1) مختلف قسم کے پیشوں کے بارے میں تنقیدی فکر کرنا اور پیشوں کے بارے میں معلومات کا تجزیہ کرنے کا طریقہ سکھانا۔

2) کوئی پیشہ جو انتخاب کے دائرے میں ہو اس کے کام فرائض ذمہ داریاں اور انعامات کی درکار معلومات حاصل کرنے میں طالب علم کی مدد کرنا۔

3) مختلف حرفتی (کورس) تربیت دینے والے اداروں کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولتوں کے بارے میں ضروری معلومات حاصل کرنا۔

4) یہ یقین دلانا کہ کامیابی کی قیمت کوشش ہے اور یہ کہ مسلسل اور مکمل کام کرنے سے ہی تشفی (Job Satisfaction) حاصل ہوتی ہے۔

## شخصی رہنمائی Personal Guidance

☆ شخصی رہنمائی کا مطلب فرد کو اس کے جذباتی، سماجی اخلاقی اور صحت کے مسائل کے حل کے بارے میں رہنمائی ہے۔

☆ فرد کے سماجی صحت، جذباتی، سماجی ہم آہنگی، معاشی اور سماجی تعلقات وغیرہ جیسے شخصی مسائل شخصی رہنمائی کے دائرہ میں شامل ہیں۔

☆ رہنما کا یہ کام ہیکہ وہ لڑکے اور لڑکیوں کو ان کی صلاحیتوں اور مستقبل کے وہ کام جو کرنا چاہتے ہیں اس کے پیش نظر رہنمائی کرنی ہوتی ہے۔

☆ عام طور پر طلبا کے مسائل کو 4 زمروں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

a) Health b) Rest c) Morality d) Civic behaviour

Health صحت کے تحت ہر بچہ چست اور حرکیاتی رہنے کے لیے مختلف قسم کے Exercies اور غذائی عادتیں متوازن غذا کی اہمیت کے بارے میں بتلایا جاتا ہے یا رہنمائی کی جاتی ہے۔

Rest کے تحت فرصت کے اوقات کو قیمتی اور بہترین بنانے کیلئے مختلف قسم کے hobbies کو اپنانے کا مشورہ دیا جاتا ہے یا رہنمائی کی جاتی ہے۔

Morality کے تحت حقائق پر مبنی معلومات فراہم کیے جائیں گے جو سچائی ایمانداری انصاف پر مبنی ہوں۔

Civil Behaviour کے تحت بیرونی مقامات کی حفاظت، حکومت کے حقوق اور فرائض پر عمل آوری بزوں کا ادب، مختلف مذاہب اور اخلاقی قدروں کا احتسان مختلف مذاہب کے فلسفوں میں یکجہتی کے کیا عناصر شامل ہیں اس کی کھوج نکالنا۔

## Counselling صلاح

☆ مشاورت یا اصلاح بنیادی طور پر ایک قسم کا تعلق ہے جس میں مشیر (صلاح کار) اور موکل (مشورہ طلب کرنے والا) دوبدو ہوتے ہیں۔

☆ مشاورت یا اصلاح ایک دورخی کام ہے جس میں مشیر اور موکل دونوں شامل ہیں۔

☆ Ruthstrong کے مطابق مشاورت سے مراد روبرو تعلقات سے مشیر (Counsellor) موکل (Counselle) میں لانے والی ذہنی نشوونما ہے۔

☆ English & English کے مطابق مشاورت ایک وسیع تر طریقہ کار ہے جس میں مشورہ دینا تحلیل نفسی معلومات بہم پہنچانا ٹسٹ اسکور کی تشریح، موکل کو اپنی دشواریوں پر غور کرنے یا اپنے جذبات کو کام میں لانے کی ترغیب دینا وغیرہ شامل ہیں۔

☆ Gilbert Ren کے مطابق دو افراد کے درمیان پایا جانے والا حرکیاتی رشتہ Dynamic Relationship ہی مشاورت ہے

☆ امریکن سائیکالوجیکل اسوسی ایشن نے مشاوت کے حسب ذیل مقاصد بیان کیے ہیں۔

1) موکل کا حقیقی طور پر اپنی صلاحیتوں' محرکات اور خود رویہ کو قبول کرنا۔

2) سماجی' معاشی' حرفتی ماحول سے مناسب ہم آہنگی میں موکل کی کامیابی

3) انفرادی تفاوات کی سماجی قبولیت اور ملازمت اور شادی کے تعلقات پر سماجی نتائج۔

## Process of Conselling

1) رابطہ خاطر Rapport (2 ترسیل/مواصلت Communication (3 اہلیت Qualification

4) خوداعتمادی Confidence (5 Counselling and Interview

## صلاح کی قسمیں Types of Counselling

صلاح کے تین اقسام ہیں۔

1) مقصودی صلاح کاری Directive Counselling (2 غیر مقصودی صلاح کاری Non-Directive Counselling

3) منتخب صلاح کاری Elective Counselling

## مقصودی صلاح کاری Directive Counselling

☆ اس کو E.G. Williamson اور Barley نے پیش کیا۔

☆ اس قسم کی صلاح کاری کو (Problem Centred Counselling) مسائل پر مبنی صلاح یا مشاورت بھی کہتے ہیں۔

☆ اس طریقہ صلاح کاری میں (Counsellor) صلاح کار کو زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ اسی کی صدارت میں صلاح کاری کا عمل تکمیل پاتا ہے۔

☆ اس طریقہ کونسلنگ میں کونسلر اپنے خیالات' احساسات' جذبات' معلومات' ہدایات کو بڑی آزادی سے پیش کرتا ہے۔

**مثال:** ایک عورت معاشی پسماندگی کی وجہ سے درمیان میں تعلیم ترک کر دی۔ مگر اس کے دل ودماغ میں نرس (Nurse) یا Typist بننے کی خواہش ہے۔ مگر اسکی تعلیمی لیاقت Nurse اور Typist کی اجازت نہیں دیتی کونسلر اس کو کسی فیاکٹری میں Technical job تلاش کرنے کا مشورہ دیتا ہے۔ اس وقت اس طریقہ کونسلنگ سے کونسلر' طالب صلاح کے جذبات' خواہشات کو پیش نظر رکھ کر خود ہی مسئلہ کا حل تلاش کرتا ہے۔

## غیر مقصودی صلاح کاری Non-Directive Counselling

☆ اس کو Client Centered Counselling بھی کہا جاتا ہے۔

☆ اس طریقہ کو Carl Rogers نے پیش کیا ہے۔

☆ اس طریقہ کو کونسلنگ میں طالب کار سے زیادہ اہمیت طالب صلاح کو دی جاتی ہے۔

☆ اس طریقہ کونسلنگ میں طالب صلاح اپنے خواہشات' احساسات' معلومات' کو آزادی کے ساتھ پیش کرتا ہے اور صلاح کار بحیثیت رہبر کا رول ادا کرتا ہے۔

**مثال:** ایک طالب علم کو بیرون ملک جانے کیلئے Scholarship حاصل ہوئی۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ اسی ملک میں اچھی نوکری کے بھی امکانات ہیں۔

## انتخابی صلاح کاری Elective Counselling

☆ اس طریقہ کونسلنگ کو F.C. Thorne نے پیش کیا۔

☆ یہ طریقہ کونسلنگ کو مختلف (Technique) حالات 'Client' کے شخصیت اس کے مسائل پر مبنی ہوتی ہے۔

☆ اس طریقہ کونسلنگ میں خاص خیال رکھا جاتا ہے۔

1) Suggestion 2) Advices 3) Persuation 4) Interpretation

Counselling Tools: سائنسی انداز وفکر پر کی جانے والی کونسلنگ میں Psychologists نفسیات داں' کونسلر (Counsellors) حسب ذیل طریقوں کا استعمال کرتے ہیں۔ a) Interview b) Psychological Tests

## معلم کا رول جس میں وہ Guidance رہبری کرسکتا ہے

1) رہنمائی پسماندہ طلبا Guiding Backward Students

2) رہنمائی اختراعی طلبا' ارفع طالب علموں کی رہنمائی Gifted Creative Students

3) نوجوانوں کی رہنمائی ومشاورت Guidance & Counselling for Adolescents

4) HIV/AIDS Scenario in Indian & A.P.

5) Adolscence Reproductive Health

6) جنسی تعلیم

7) Anti Drugs

## کثیر جوابی سوالات

1) Pedagog سے مراد

1) پادری 2) معلم 3) پنڈت 4) عالم

2) "Child is the father of the Man" کس ماہر کا قول ہے۔

1) ووڈورتھ 2) روسو 3) ٹیگور 4) شیکسپئر

3) مواد مضمون کے تدریسی عمل کی وجہ سے کونسی نشوونما ہوتی ہے۔

1) جسمانی 2) ذہنی 3) سماجی 4) کوئی بھی نہیں

4) ''تعلیم'' کا اہم مقصد ہے

1) تعلیمی ترقی 2) ذہنی نشوونما 3) معلومات کا حصول 4) بہتر شہری بننا

5) تعلیمی نظام ان کی ذمہ دار ہوتی ہے۔

1) سماج 2) والدین 3) اساتذہ برادری 4) ان تمام

6) ذیل میں کونسا درست بیان ہے۔

1) معلم' صرف تنظیم کا مددگار ہوتا ہے 2) تعلیم بالغان غیر ضروری ہے

3) خواتین کے لیے کالج کی تعلیم ضروری ہے 4) لڑکے اور لڑکیوں کے تعلیمی رجحان میں اختلاف ہیں

7) صدر مدرس کی اہم ذمہ داری

1) طلبا کا داخلہ لینا 2) ریکارڈ کو احتیاط سے رکھنا

3) ساتھی اساتذہ کے لیے مثالی رہنا 4) اسکول میں نظم وضبط کو قائم ودائم رکھنا

8) تدریس میں یہ اہمیت کا حامل ہے۔

1) معلم 2) اسکول 3) تعلیمی کمیٹی 4) درسی کتاب

9) کمرہ جماعت کا مرکزی مقام

1) معلم 2) متعلم 3) موادِ مضمون 4) کلاس لیکچر

10) قوم کا معمار یہ ہوتا ہے۔

1) وزیراعظم 2) سیاست داں 3) معلم 4) کلکٹر

11) معلم' بچوں کے ساتھ کیسے پیش آنا چاہیے۔

1) دوست کی طرح 2) شفقت 3) ہمدردی 4) یہ تمام کی طرح

12) اسکول میں سماجی خدمت (Social Service) کا اہم فائدہ

1) کام کرنے کی عادت 2) Dignity of labour 3) گاؤں کی فلاح و بہبود کے لیے 4) کوئی بھی نہیں

13) ذہانت (Intelligence) کی بنیاد اس پر ہوتی ہے۔

1) Heridity 2) Schooling 3) Industry 4) Facilities

14) مشاہدہ باطن (Introspection) کے لیے موزوں

1) Personality 2) Creativity 3) Intelligence 4) Ideocy ماوف العقلی

15) The dynamic side of philosophy کسے کہا جاتا ہے۔

1) Knowledge 2) Vedas 3) بچوں کی سوچ 4) تعلیم

16) فرد کی ذہانت کی بنیاد پر متعینہ عمر کو کیا کہتے ہیں۔

1) Chronological Age 2) Mental Age 3) Infant Age 4) Child Age

17) خود مکتفی بننے کے لیے پیشہ ورانہ تعلیم (Vocational Education) کو اہمیت دینے والا ماہر تعلیم

1) رابندر ناتھ ٹیگور 2) سروے پلی رادھا کرشنن 3) ڈاکٹر ذاکر حسین 4) مہاتما گاندھی

18) طلبا میں سائنٹفک رجحان کو فروغ دیتا ہے۔

1) انکشافی طریقہ 2) Discussion Method 3) لکچر طریقہ 4) مظاہراتی طریقہ

19) حافظہ (Memory) کا ساتھ رہنے والا

1) یادداشت 2) تجربہ 3) بھول 4) کوئی بھی نہیں

20) Exercises ورزش کی وجہ سے اس کی نشو و نما ہوتی ہے۔

1) ذہنی 2) سماجی 3) جذباتی 4) جسمانی

21) کریکولم (Curriculum) سے مراد

1) کسی جماعت کے پورے سال کا منصوبہ سبق 2) کسی جماعت کے پورے سال کی مکمل مطالعاتی سرگرمیاں

3) کسی جماعت کے پورے سال کا پروگریس کارڈ 4) ان میں کوئی بھی نہیں

22) اسکول کے باہر معلم کا رول

1) اسکول کا سائیکالوجسٹ بنے 2) سماجی لیڈر بنے

3) اسکول کا آرگانیزر بنے 4) Carrier Master بنے

23) ان میں معلم کا بنیادی فرض

1) طلبا کو معلومات فراہم کرنا 2) طلبا کی مہارتوں کو فروغ دینا
3) طلبا کی رہنمائی کرنا 4) طلبا میں صحیح یا درست رجحانات پیدا کرنا

24) ان میں معلم کا اولین مقصد

1) گائیڈ کرنا 2) رجحانات فروغ دینا 3) معلومات بہم پہنچانا 4) سرگرمیوں کا انعقاد کرنا

25) موجودہ تعلیمی طریقے میں معلم کا رول

1) رہبری کا رول 2) کونسلر کا رول 3) جانچ کرنے کا رول 4) کثیر رخی رول

26) معلم کی بہترین خوبی

1) صبر وتحمل 2) کام سے مکر جانا 3) بچوں کو ڈرانا 4) بچوں کو اپنی طرف کشش کرنا

27) معلم کے پیشہ میں یہ جز بھی شامل ہے۔

1) اسباق پڑھانا 2) نوٹس کی تیاری 3) مردم شماری 4) بچوں کی جبلی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا

28) معلم اپنے درس وتدریس میں یہ استعمال کرتا ہے۔

1) مثالیں 2) تختہ سیاہ 3) تصویریں 4) درسی کتب

29) کمرۂ جماعت میں اگر معلم سے غلطی سرزد ہو جائے تو

1) غلطی کے وقت اپنی موجودگی کا ثبوت نہ دیں 2) انجان بن جائیں
3) دوبارہ غلطی نہ ہونے پائے۔ اس بات کا خیال رکھیں 4) غلطی کو دبا دیا جائے

30) کمرۂ جماعت میں بہتر درس وتدریس کے لیے ہر معلم کو ضرور بہ ضرور اپنے ساتھ یہ رکھنا چاہیے۔

1) درسی کتب 2) گائیڈیں 3) چاک پیس 4) تدریسی واکتسابی اشیا

31) جنسی تعلیم فراہم کرنے کا صحیح مرحلہ

1) بچپن 2) عنفوان شباب 3) شیر خوارگی 4) نہیں پڑھانا چاہیے

32) دستور ہند کے قانون کے مطابق تعلیم اس زمرے کے تحت ہے۔

1) ریاستی حکومت کے تحت 2) مرکزی حکومت کے تحت 3) مشترکہ زمرہ کے تحت 4) کوئی بھی نہیں

33) اسکول میں کام کرنے والے اساتذہ اسکول سے اتنے کیلو میٹر سے زیادہ دوری پر رہائش نہ رہے۔

1) 8 2) 5 3) 10 4) 12

34) تعلیمی نظام پر اثر رکھنے والے

1) والدین 2) اساتذہ 3) سماج 4) یہ تمام

35) معلم کی سب سے بڑی خامی یہ ہے۔

1) بصارت کی کمزوری 2) غیر صحت مند 3) مواد مضمون کا فقدان 4) بہتر آواز کا مالک نہ ہونا

36) معلم کے لیے اس کا ہونا بے حد ضروری ہے۔

1) فرض شناس 2) نظم وضبط 3) پڑھانے کا شوق 4) یہ تمام

37) بچوں کی غیر حاضری کو کس طرح قابو میں لائیں گے۔

1) اولیائے طلبا کو مطلع کر کے 2) طلبا سے انفرادی تعلقات قائم کر کے

3) اسکول میں خصوصی سرگرمیوں کا اہتمام کر کے 4) سزا دے کر

38) سکنڈری اسکولس میں کم از کم اسکول کے ایام کار ہونے چاہیے۔

1) 240 2) 230 3) 260 4) 220

39) تدریسی واکتسابی اشیاء میں سب سے اہم ہے۔

1) تختہ سیاہ 2) تصویریں 3) ریڈیو 4) سنیما

40) مضمون کا پرچہ بنانے کی ذمہ داری (Preparing the question paper for the test)

1) صدر مدرس 2) کلاس لیڈر 3) معلم 4) D.E.O

41) تعین قدر/جانچ (Evaluation) سے کس کو فائدہ ہوتا ہے۔

1) معلم اور طلبا اور دونوں 2) صرف معلم 3) صرف طلبا 4) انتظامیہ

42) Reading Comprehension سے مراد۔

1) فہم کے ساتھ پڑھنا 2) تھوڑا حصہ پڑھنا 3) گائے ماہے پڑھنا 4) بغیر سمجھے پڑھنا

43) جانچ کب ہونی چاہیے۔

1) مہینے میں ایک دفعہ 2) تین مہینے میں ایک دفعہ 3) چھ مہینے میں ایک دفعہ 4) مسلسل

44) جانچ مسلسل ہونی چاہیے اس کی سفارش کس نے کی

1) 1965 تعلیمی پالیسی 2) 1977 تعلیمی پالیسی 3) 1986 تعلیمی پالیسی 4) 1968 تعلیمی پالیسی

45) "Drop outs" ترک مدرسہ کی اہم وجہ

1) طلبا کی معاشی حالت 2) اساتذہ کی عدم توجہ 3) تعلیمی پالیسی کی خامی 4) تعلیم کے تیئں اولیائے طلبا میں ناواقفیت

46) اسکول میں ریاضی کے مضمون کو پڑھانے کے لیے کونسا وقت موزوں ہوگا۔

1) صبح کا دوسرا پیریڈ 2) دوپہر کا دوسرا پیریڈ 3) آخری پیریڈ 4) صبح کا پہلا پیریڈ

47) ہمارے ملک میں مکمل خواندگی کی سرگرمیوں کو منظم انداز میں اہتمام کرنے والی ریاست

1) تامل ناڈو 2) کیرالا 3) مہاراشٹرا 4) آندھرا پردیش

48) اسکول کو تاخیر سے آنے والے طالب علم کے ساتھ معلم کا برتاؤ کیا ہونا چاہیے۔

1) صدر مدرس کو اس طالب کی شکایت کریں گے 2) جسمانی سزا دیں گے

3) کمرہ جماعت سے باہر کردیں گے 4) وجوہات طلب کریں گے

49) دعائیہ اجتماع میں تمام اساتذہ

1) بذات خود تمام شریک رہیں 2) صرف صدر مدرس شریک رہے تو کافی ہے

3) بعض اوقات رعایت دی جائے تو اچھا ہے 4) کوئی بھی حاضر نہ ہو تو غم نہیں

50) DIET's کو قائم کرنے کی سفارش کس نے کی۔

1) کوٹھاری کمیشن 2) بین الاقوامی کمیٹی تعلیم وثقافت 3) ایشور بھائی پٹیل کمیٹی 4) قومی تعلیمی پالیسی 1986

51) قانون حق تعلیم 2009ء اس عمر کے بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا۔

1) 3-5 سال　2) 5-8 سال　3) 6-14 سال　4) 15-20 سال

52) قانون حق تعلیم 2009ء کے بموجب جماعت اول تا پنجم میں ساٹھ بچوں کے لیے کم از کم اتنے اساتذہ ضروری ہیں۔

1) 4　2) 3　3) 2　4) 1

53) قانون حق تعلیم کے مطابق تعلیمی سال میں جماعت اول تا پنجم کے لیے اقل ترین ایام کار

1) 220　2) 210　3) 230　4) 240

54) قانون حق تعلیم کے مطابق تعلیمی سال میں جماعت اول تا پنجم کے لیے اقل ترین تدریسی گھنٹے

1) 1000　2) 900　3) 800　4) 600

55) قانون حق تعلیم کے مطابق تعلیمی سال میں جماعت ششم تا ہشتم کے لیے اقل ترین تدریسی گھنٹے

1) 1000　2) 900　3) 800　4) 600

56) قانون حق تعلیم میں مدارس اور اساتذہ کی ذمہ داریوں کو اس باب Chapter میں شامل کیا گیا۔

1) I　2) II　3) III　4) IV

57) قانون حق تعلیم میں تحفظ حقوق اطفال کو اس باب Chapter میں شامل کیا گیا۔

1) IV　2) V　3) VI　4) VII

58) قانون حق تعلیم میں اساتذہ کے لیے کم از کم اتنے تدریسی گھنٹے فی ہفتہ مقرر کیے گئے۔

1) 45　2) 46　3) 47　4) 48

59) قانون حق تعلیم کے مطابق مدرسہ انتظامی کمیٹی میں خواتین کو اتنے فیصد نمائندگی دینا ضروری ہے۔

1) 30　2) 40　3) 50　4) 60

60) مدرسہ انتظامی کمیٹی SMC کے افعال میں شامل ہے۔

1) مدرسہ کی کارکردگی پر نظر رکھنا　2) مدرسہ کیلئے ترقیاتی منصوبہ بنانا

3) مدرسہ کے لیے وصول ہونے والی گرانٹ کے استعمال پر نظر رکھنا　4) یہ تمام

## KEY

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1) 2 | 2) 1 | 3) 2 | 4) 4 | 5) 4 | 6) 4 | 7) 3 | 8) 1 | 9) 2 | 10) 3 |
| 11) 4 | 12) 2 | 13) 1 | 14) 3 | 15) 4 | 16) 2 | 17) 4 | 18) 1 | 19) 2 | 20) 4 |
| 21) 2 | 22) 3 | 23) 1 | 24) 3 | 25) 3 | 26) 1 | 27) 4 | 28) 1 | 29) 3 | 30) 4 |
| 31) 2 | 32) 3 | 33) 1 | 34) 4 | 35) 3 | 36) 4 | 37) 1 | 38) 4 | 39) 1 | 40) 3 |
| 41) 1 | 42) 1 | 43) 4 | 44) 3 | 45) 4 | 46) 1 | 47) 2 | 48) 4 | 49) 1 | 50) 4 |
| 51) 3 | 52) 3 | 53) 2 | 54) 3 | 55) 1 | 56) 4 | 57) 3 | 58) 1 | 59) 3 | 60) 4 |

# Methods of Psychology

I- قیاسی طریقہ

A) Speculative (or) Arm-Chair Method

B) Anecdotal Method: قصہ واقعات پر مبنی آزمائشی طریقہ

II- جدید طریقے

i) Introspection ii) Observation iii) Interview iv) Experimental Method
v) Case Study vi) Differential Method

**Introspection: مطالعہ کا سب سے قدیم طریقہ**

☆ اس طریقہ کا موجد (آگسٹین) St. Augustine ہے۔

خود کا رمشاہدہ Intra = Self ' Spectrum = to read

☆ شعوری طور پر خود کے مطالعہ کو Introspection کہتے ہیں۔

☆ اس طریقہ کی آزمائش میں Subjectivity کی اہمیت زیادہ ہوتی ہے۔

☆ خود کے جذبات' احساسات' خواہشات کا جاننے کا بہتر طریقہ ہے۔

**خامیاں:** یہ چھوٹے بچوں' جانوروں اور ذہنی معذور بچوں کیلئے غیر مفید آزمائشی طریقہ ہے۔

**Observation:** Functionalism تفاعلات کے ماننے والے اس طریقہ آزمائش کی تائید کرتے ہیں۔

Observation means looking outside

☆ سائنٹفک طریقہ سے دوسروں کی آزمائش کی جاسکتی ہے۔

خامی: Abnormal بچوں کے آزمائش کیلئے غیر مفید طریقہ ہے۔

**Experimental Method**

☆ Controlled Observation is called Experiment

☆ یہ بہت ہی سائنٹفک اور objective طریقہ آزمائش ہے۔

☆ اس میں دو اشخاص حصہ لیتے ہیں (i) Experimenter (ii) Subject

☆ زندہ (جاندار) اجسام پر تجربات کر سکتے ہیں۔

☆ طبی میدان میں عام طور پر استعمال ہونے والا آزمائشی طریقہ ہے۔

☆ فرد کی موضوعیت Subjectivities پر زیادہ اہمیت دینے والا آزمائشی طریقہ ہے۔

**Differential Method**

☆ یہ آزمائشی طریقہ کی وہ قسم ہے جس میں انفرادی اختلافات پر مطالعہ کیا جاتا ہے۔

☆ اس طریقہ کا دوسرا نام Statistical Method ہے۔

**System of Psychology**

(1 **Structuralism:** 1879ء میں اس ایزم کو پیش کیا گیا۔

☆ اس کو پیش کرنے والا William Wundt ہے۔

☆ یہ نظریہ (ایزم) Concious Experiences پر زور دیتا ہے۔ (عکس' احساسات' جذبات' وغیرہ) سے تعلق رکھنے والی معلومات فراہم کرتا ہے۔ اور اسی کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔

☆ یہ ذہن' دماغ' کی ساخت کے بارے میں بتاتا ہے۔

☆ Introspection طریقہ میں اس کو استعمال کیا جاتا ہے۔

(2 **Functionalism**

☆ اس ایزم کو پیش کرنے والا William James ہے۔جس کی اہم کتاب Principles of Psychology ہے۔

☆ ذہنی فعلیاتی افعال' اور ماحول سے مطابقت پیدا کرنے والے عوامل جیسے Intelligence 'Perception 'Attention کی زیادہ اہمیت ہوتی ہے۔

(3 **Behaviourism**

☆ اس ایزم کو پیش کرنے والا J.B. Watson ہے۔ماحول کو بطور امیج استعمال کرتے ہوئے کردار میں تبدیلی پیدا کی جاسکتی ہے۔

☆ انسانی کردار یا برتاؤ کو سائنسی طریقوں پر مطالعہ کرنے کیلئے زور دیتا ہے۔

☆ پاؤلو تھارن ڈائک' اسکنر وغیرہ نے اس کی تائید کی ہے۔

☆ اس کو Experimental طریقہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ اس کی اہمیت ذیل کی کتاب میں بتائی گئی ہے۔

"Behaviour: An Introduction to Comparative Psychology"

(4 **(Interpretition of Dreams) :Psycho-Analysis**

☆ اس ایزم کو پیش کرنے والا Sigman Fruied ہے۔

☆ اس ایزم میں Willing 'Feelings 'Knowing' خواب وغیرہ نکات کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

(5 **Gestalt Psychology**

☆ اس کے ماہرین Werthimer اور Koffka 'Kohler ہیں۔

☆ یہ Functionalism اور Behaviourism کی مخالفت کرتا ہے۔

(6 **Hormic Psychology** (Purposivism - Purposeful Behaviour)

☆ اس کو پیش کرنے والا Mc. Dougall ہے۔اس کا تعلق انگلینڈ سے ہے۔Hormic سے مراد اندرونی خواہش یا دروں محرکہ ہے۔ہر Behaviour کے لیے Urge کا ہونا ضروری ہے۔

☆ Adler کی نفسیات کو Individual Psychology کہا جاتا ہے۔

☆ Jung کی نفسیات کو Analytical Psychology کہا جاتا ہے۔

☆ Faculty Psychology کو پیش کرنے والا Christian Woolf ہے۔

☆ لفظ Faculty کو لاطینی لفظ Facultus سے لیا گیا ہے۔اس کے معنی طاقت کے ہیں۔

☆ Connectionism دراصل Association کی بدلی ہوئی ایک شکل ہے اس کو تھارن ڈائک (E.L.Thorndike) نے پیش کیا ہے۔

☆ Quantilan کے مطابق جغرافیہ کے پڑھنے سے Perception میں ترقی ہوتی ہے اور Maths (ریاضی) کے پڑھنے سے Reasoning میں اضافہ ہوتا ہے۔

☆ Institute of Para Psychology راجستھان میں ہے۔

☆ علم نفسیات کی پہلی تجربہ گاہ 1879ء میں Wundt نے جرمنی کے شہر Leipzig میں قائم کیا۔

☆ "Know thy self" قول یونانیوں کا ہے۔

☆ Know thy self = اپنے بارے میں خود جانو اس قول کی تائید Structuralism والے کرتے ہیں

☆ جنگلات میں رہنے والے اور پسماندہ لوگوں کا مطالعہ کرنا "Anthropology" کہلاتا ہے۔

"Psychology is the study of man & study of primitive human being is called Anthropology"